پشاور ڈیویلپمنٹ اتھارٹی حیات آباد پشاور

شرائط نیلام برائے پارکنگ نزد ار ایم انی اور نارتھ ویسٹ ہسپتال واقع خوڑ (نالہ) کے کنارے، فیز-V

پشاور ڈیویلپمنٹ اتھارٹی صرف آر ایم آئی ہسپتال اور نارتھ ویسٹ جنرل ہسپتال کے قریب واقع خوڑ (نالہ) کے کنارے مختص جگہ برائے کار پارکنگ عرصہ برائے صرف عرصہ (1) ایک سال کیلئے مستند پارٹیوں سے بذریعہ کھلی بولی نیلام کرنا چاہتی ہے نیلامی مورخہ 12 اکتوبر 2016ء بروز پیر دن 10:00 بجے دفتر ہذا میں منعقد ہوگی۔ اگر کسی وجہ سے بولی مقررہ تاریخ پر نہ ہوئی تو دوبارہ بولی مورخہ 13 اکتوبر 2016ء بروز منگل کو بوقت دن 10:00 بجے اور تیسری بار بولی مورخہ 14 اکتوبر 2016ء بروز بدھ کو بوقت دن 10:00 بجے دفتر ہذا میں منعقد ہوگی۔ کار پارکنگ کی منظور شدہ جگہ کا نقشہ دفتری اوقات کار میں زیر دستخطی کے دفتر میں دیکھا جاسکتا ہے۔ بولی میں حصہ لینے کیلئے شرائط درجہ ذیل ہیں۔

1. ہر وہ شخص رفرم نیلامی میں حصہ لینے کا حقدار ہوگا جس نے مبلغ (5,00,000) پانچ لاکھ روپے زرضمانت بصورت بنک ڈرافٹ رپے آرڈر بنام ڈائریکٹر جنرل پی ڈی اے جمع کرائے ہوں بصورت دیگر نیلامی میں شرکت کی اجازت نہ ہوگی۔ کمپنی یا فرم کی صورت میں Authority Letter لازم ہوگا۔
2. کامیاب بولی دہندہ بولی منظور ہونے کے 3 دن کے اندر مبلغ 25% حصہ پی ڈی اے کے حق میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ 3 دن کے اندر رقم جمع نہ کرانے کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ اور کال ڈیپازٹ (Call Deposit) حق پی ڈی اے ضبط ہوگا۔ بقایہ 75% رقم بولی منظور ہونے کے ایک ماہ کے اندر جمع کرانا ہوگا۔ اگر یہ بقایا رقم بولی کی منظوری کے ایک ماہ کے اندر جمع نہ کرائی گئی تو اس صورت میں بولی کی مالیت کے 5% per annum per day کی شرح سے سرچارج لاگو ہوگا جو مزید ایک ماہ تک ہوگا۔ اگر اس میعاد کے دوران بھی بقایا رقم مع سرچارج جمع نہ کی گئی تو جمع شدہ رقم ضبط اور ٹھیکہ منسوخ تصور ہوگا رقم مسودہ اور مرکزی نیس لاگو ہونگے۔ علاوہ ازیں کامیاب بولی دہندہ 75% بقایا رقم کے ادخال کیلئے ایڈوانس چیک داخل کرنے کا پابند ہوگا۔ پارکنگ صرف مختص جگہ پر کی جائیگی (منظور شدہ نقشہ ملاحظہ ہے) جس کو دفتر ہذا میں دیکھا جاسکتا ہے۔ کسی دوسری جگہ پر پارکنگ کرانا اور فیس لینے کی اجازت نہ ہوگی خلاف ورزی کی صورت میں جرمانہ یا ٹھیکہ قابل منسوخی ہوگا۔
3. ناکام بولی دہندہ کو زرضمانت/ضمانت نیلام کے بعد واپس کردی جائے گی۔ جبکہ پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کا زرضمانت بولی کی حتمی منظوری تک روک لیا جائیگا۔ منظور شدہ بولی سے منحرف ہونے کی صورت میں پیشکش منسوخ اور زرضمانت حق پی ڈی اے ضبط تصور ہوگا۔ دوسرے نمبر پر آنے والے قابل قبول بولی دہندہ کی پیشکش منظوری لیئے حق دی جائیگی جس کا حتمی فیصلہ PDA کا ہوگا۔
4. کامیاب بولی دہندہ بولی کی منظوری کے ایک ہفتے کے اندر مبلغ بولی کے ساتھ پیشگی پی ڈی اے کے ساتھ موجود ہونے کے بعد ٹھیکہ وصول کرنے کا پابند ہوگا۔
5. کامیاب بولی دہندہ درجہ ذیل شرح کے مطابق فیس وصول کرنے کا پابند ہوگا۔
   - ا۔ موٹر کار پک اپ وغیرہ ..... 30/- روپے
   - ب۔ موٹر سائیکل ..... 10/- روپے
   - ج۔ سائیکل ..... 5/- روپے
6. بولی یا موقع تغیر و تبدیل یا کسی اور وجہ سے نقصان کی ذمہ داری پی ڈی اے پر نہ ہوگی۔
7. کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کسی اور نام پر منتقل کرنے کا مجاز نہیں ہوگا۔ خلاف ورزی کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کرکے محکمہ واپس لینے کا اختیار رکھتا ہوگا۔
8. سروس کا روسا نے پر پی ڈی اے کے ملازمین سے فیس نہیں لی جائے گی۔
9. [illegible] کی قسم سے موسمی تغیر و تبدیل یا کسی اور وجہ سے قابل توسیع نہیں ہوگی۔
10. ٹھیکہ دار کار پارکنگ صرف اور صرف منظور شدہ مختص جگہ پر کرنے کا پابند ہوگا اور اس مختص جگہ کے علاوہ کسی اور جگہ پر کار پارکنگ کی اجازت نہیں ہوں۔ اس شرط کی خلاف ورزی کرنے پر ٹھیکہ دار کو جرمانہ کیا جائیگا اور اگر جرمانے کے باوجود بھی غیر قانونی جگہ پر پارکنگ کی گئی تو ٹھیکہ منسوخ اور جمع شدہ رقم ضبط ہوگی۔
11. کامیاب بولی دہندہ ٹیکس فیس کی وصولی اور دیکھ بھال کے لیے خود ذمہ دار ہوگا اور اس کی تنخواہ اور دیگر ضروریات بہم پہنچائے گا۔
12. صوبائی حکومت بولی میں حصہ نہیں لے سکے گا۔
13. ٹھیکیدار کو مقررہ فیس شیڈول بورڈ سائیٹ پر لگانا لازمی ہوگا۔
14. کامیاب بولی دہندہ پارکنگ میں گاڑیوں کی دیکھ بھال کا ذمہ دار ہوگا۔ اور کسی بھی گاڑی کی چوری کی صورت میں خرچہ تاوان کا ذمہ دار ہوگا۔ کامیاب بولی دہندہ محکمہ کے پشت پر یہ شرط ثبت کرنے کا پابند ہوگا۔ مقررہ پارکنگ کے علاوہ گاڑی پارک کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ PDA کسی قسم کے Claim یا [illegible] کا ذمہ دار نہ ہوگا۔
15. اور چارجنگ کی صورت میں پہلی شکایت پر -/20,000 (بیس ہزار) روپے جرمانہ اور دوسری شکایت کی صورت میں ٹھیکہ فوری طور پر منسوخ کیا جائے گا۔ اور قبضہ واپس حاصل کیا جائے گا۔

16. مندرجہ بالا شرائط کی مکمل یا جزوی خلاف ورزی کی صورت میں جرمانے کے علاوہ ٹھیکہ قابل منسوخ ہوگا اور تمام شدہ رقم کلی یا جزوی طور پر ضبط کرنے کا اختیار ادارہ ہذا پی ڈی اے کو حاصل ہوگا۔ مزید یہ کہ ٹھیکہ منسوخ ہونے کی صورت میں محکمہ الاٹمنٹ واپس لینے کا مجاز ہوگا اور محکمہ فیس وصولی کا اختیار رکھتا ہوگا۔

17. نیلامی کی حتمی منظوری کا اختیار ادارہ ہذا یعنی پی ڈی اے کو حاصل ہوگا۔ نیز ادارہ اتھارٹی کو یہ حق بھی حاصل ہوگا کہ وہ کسی معقول وجہ سے کوئی بولی منظور یا نامنظور یا جملہ نیلامی منسوخ کر دیں۔

18. مندرجہ بالا شرائط میں سے کسی بھی شرط کو Relax کرنے کا اختیار ادارہ ہذا یعنی پی ڈی اے کو ہوگا۔

ہاؤسنگ آفیسر (ہیڈ کوارٹر)

پشاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی